# حیسکو پریس رلیز مورخہ :11.11.2021

## حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوری کی روک تھام کیلئے بجلی کے میٹروں کی سیکیورنگ کی جارہی ہے۔اور بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔آپریشن سب ڈویژنوں ہیرآباد میرپورخاص اورڈگری میں 165 میٹرسیکیور کیئے گئے اور کارروائیوں میں چیکنگ کے دوران بجلی چوروں کے 84 کنکشن منقطع کردیئے، نادہندگان کے 38 بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے گئے ہیں۔حیسکو ترجمان

حیدرآباد( ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر بجلی چوری کی روک تھام کیلئے کریک ڈاؤن جاری ہے۔اس سلسلے میں آپریشن سرکل میرپورخاص کے سب ڈویژنوں ڈگری اور ہیرآباد میں بجلی کے میٹروں کی سیکیورنگ کرتے ہوئے 165 میٹروں کی سیکیورنگ کی گئی،اس کے علاوہ چیکنگ کے دوران 84 غیرقانونی کنڈہ کنکشن بھی موقع پر منقطع کردیئے گئے ہیں،اور نادہندگان کے واجبات کی عدم ادائیگی پر 22 بجلی کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق آپریشن سب ڈویژن ہیرآباد میرپورخاص میں چیکنگ کے دوران گلشن حیدر،اورسٹی میرپورخاص کے علاقوں میں سے 38 غیرقانونی کنڈہ ہٹائے گئے اورتاریں ضبط کرلی گئی ہیں اور 81 بجلی کے کنکشنوں کی سیکیورنگ کی گئی۔مزید برآں آپریشن سب ڈویژن ڈگری میں بجلی چوری کے خاتمے کیلئے میٹرسیکیورنگ کرتے ہوئے ڈگری سٹی،میرمسجد اوردمبالوٹاؤن کے علاقوں میں 84 بجلی کے میٹروں کی سیکیورنگ کی گئی اورڈگری میں حیسکو کی خصوصی ریکوری ٹیم نے چیکنگ کے دوران 46 کنڈہ کنکشن منقطع کرکے بجلی چوروں کے خلاف مروجہ قانونی کارروائی کیلئے متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آردرج کرانے کیلئے لیٹربھی جمع کرادیئے ہیں،اورنادہندگان کے واجبات جمع نہ کروانے پر 16 بجلی کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ حیسکو چیف کی ہدایات ہیں کہ بجلی چوروں کے خلاف محکماجاتی کارروائی عمل میں لائی جائے، نادہندگان کے بجلی کے بلوں کی ادائیگی چیک کرتے ہوئے نادہندگان کوموقع پر ہی فوری بجلی کے بلوں کی اقساط بناکے دی جائیں،واجبات کی عدم ادائیگی اوربجلی چوری کے خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رکھیں۔آپ کے تعاون کا متمنی۔حیسکو




حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادھندگانو کے خلاف کاروائیاں کی جارہی ہے